تعارف وتبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : چراغِ مصطفویؐ

مصنف : عتیق الرحمٰن صدیقی

ضخامت:206 صفحات' قیمت: 160 روپے' ناشر: ادارہ منشوراتِ اسلامی بالمقابل منصورہ'لاہور

کتاب کے مصنف عتیق الرحمٰن صدیقی محکمہ تعلیم میں تعلیم و تدریس کی خدمات ادا کرتے رہے اور بطور پرنسپل ریٹائر ہوئے۔ وسیع المطالعہ اور راسخ العقیدہ مسلمان ہیں۔ اسلامی تعلیمات کی اشاعت ان کی دل پسند مصروفیت ہے۔ کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ نبی اکرمﷺ کے اسوہ و سیرت اور دیگر تذکیری و اصلاحی موضوعات پر ان کے مضامین ماہنامہ میثاق' ماہنامہ ترجمان القرآن اور ملک کے دیگر موقر رسائل و جرائد میں شائع ہوتے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب ان کے ایسے چند مضامین پر مشتمل ہے جو مختلف جرائد و رسائل میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ تمام مضامین میں نصح و خیر خواہی کا جذبہ نمایاں ہے۔ اسی جذبے کا نتیجہ ہے کہ انسان اپنے ابنائے جنس کو وہ پیغام پہنچانا ضروری سمجھتا ہے جو اُس کی حقیقی فوز و فلاح کے لیے ناگزیر ہوتا ہے۔ پھر جو بات خلوص و اخلاص کے ساتھ دوسروں تک پہنچائی جاتی ہے وہ لازماً قاری پر اپنا اثر چھوڑتی اور اس کی تذکیر کا باعث بنتی ہے اور اسے اچھے اخلاق و اعمال اختیار کرنے پر مائل کرتی اور برائیوں کو چھوڑنے پر آمادہ کرتی ہے۔ چنانچہ اس کتاب کے مضامین اس مقصد کو پورا کرتے نظر آتے ہیں۔

مصنف نے اپنے استدلال کی بنیاد قرآنی آیات' احادیثِ نبویﷺ اور سیرت کی معروف و مستند کتب پر رکھی ہے۔ جا بجا قابلِ اعتماد کتبِ تفاسیر کے اقتباسات درج کیے ہیں۔ تمام مضامین میں خودنگری پر زور دیا گیا ہے تاکہ قاری کے لیے اپنا جائزہ لینے اور اصلاح کی طرف رجوع کرنے کا داعیہ پیدا ہو۔

کتاب ہر عمر کے افراد کے لیے اصلاحِ عمل اور اخلاص کا سامان مہیا کرتی ہے۔